درسی کتاب

1

# واقفیتِ عامہ

# General Knowledge

قومی نصاب 2022 کے مطابق







National Book Foundation

نیشنل بک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد

National Book Foundation

درسی کتاب

# واقفیتِ عامہ

# General Knowledge

## جماعت اوّل

قومی نصاب 2022 کے مطابق

نیشنل کریکولم کونسل

وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

National Book Foundation

**©2023ء نیشنل بک فاؤنڈیشن بطور وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد**

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب یا اس کا کوئی بھی حصہ کسی بھی شکل میں
نیشنل بک فاؤنڈیشن کی باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔


درسی کتاب: **واقفیتِ عامہ**

برائے جماعت اول





**مصنف**

**طاہر محمود**


**زیرِ نگرانی**

ڈاکٹر مریم چغتائی

ڈائریکٹر، قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ

وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت حکومت پاکستان، اسلام آباد

**اراکین نظر ثانی کمیٹی**

مس مزلہ کنول (آئی ایم سی بی، جی ٹن / فور، اسلام آباد)۔ مس سعدیہ زبیر (آئی ایم سی بی، جی ٹن / فور، اسلام آباد)

فرحت ندیم (ڈائریکٹر ٹریننگ ڈویلپمنٹ لٹریسی (ڈی آئی ایل)۔ مس ثنا شفیق (بحریہ کالج اسلام آباد، نیکسل کمپلیکس ای ایٹ، اسلام آباد)

مس زاہدہ عزیز (ایف جی ای آئی، اسلام آباد)۔ منان لطیف (آئی سی بی) جی سیکس / تھری، اسلام آباد۔ طاہر محمود (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد)

**اراکین قومی نظر ثانی کمیٹی**

مدثر منظور قریشی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ڈی سی آر ڈی، آزاد جموں و کشمیر، ڈاکٹر شازیہ قدیر، ایس ایس ایس (بائیو)، جی جی ایچ ایس ایس، جنوبی پنجاب، ملتان

مس مزلہ کنول (آئی ایم سی بی، جی ٹن / فور، اسلام آباد۔ مس زاہدہ عزیز (ایف جی ای آئی، اسلام آباد)۔ واجد علی (ایس ایس ٹی، (جی)، بیکن اینڈ ای سی، کوئیٹہ)

مس روزینہ چنڑ (ایس ایس (جی)، ڈی سی اے آر، سندھ۔ مس سعدیہ زبیر (آئی ایم سی بی، جی ٹن / فور، اسلام آباد، بابر بشیر خان (ڈی سی ٹی ای، ایبٹ آباد، خیبر پختونخوا

مس پروین اختر (ڈی آئی ایس (فی میل) گلگت۔ عامر ریاض (پی سی ٹی بی) لاہور

**ڈیسک آفیسر**

صائمہ عباس، قومی نصاب کونسل، سیکرٹریٹ، اسلام آباد


**انتظامیہ:** نیشنل بک فاؤنڈیشن

اشاعت اول۔ طباعت اول: اگست 2023ء | صفحات: 000 | تعداد: 00000

قیمت: -/000

کوڈ: STU-0000، آئی ایس بی این: 978-969-37-0000-00

طابع: ......................

نیشنل بک فاؤنڈیشن کی دیگر مطبوعات کے بارے میں معلومات کے لیے رابطہ کیجیے

ویب سائٹ: www.nbf.org.pk یا فون: 051-9261125

یا ای میل: books@nbf.org.pk


National Book Foundation

# پیش لفظ

نیشنل بُک فاؤنڈیشن، فیڈرل سطح پر واحد ادارہ ہے جو معیاری درسی کتب کی اشاعت کرتا ہے اور بہ طور فیڈرل ٹیکسٹ بُک بورڈ بھی اپنے فرائض بہ طریق احسن سر انجام دے رہا ہے۔

واقفیت عامہ کی یہ مدرسی کتاب برائے جماعت دوم کے لیے قومی نصاب ۲۰۲۲ء کے مطابق نیشنل بُک فاؤنڈیشن نے اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تجربہ کار اساتذہ کرام کی زیرِ نگرانی تیار کی ہے۔ ہمارے معزز مصنفین کرام نے حتی الامکان کوشش کی ہے کہ یہ کتاب قومی نصاب کے تمام تقاضے پورے کرے اور طلبہ کی ذہنی سطح اور معاشرتی نظام کے عین مطابق ہو۔ اُمیدِ واثق ہے ہماری یہ کوشش طلبہ اور اساتذہ کو پسند آئے گی۔ یہ کتاب معاشرتی علوم اور سائنس کے مختلف تصورات کو مدِ نظر رکھتے مرتب کی گئی ہے۔ بچوں کی دل چسپی کے پیشِ نظر اسے رنگین تصاویر اور دیدہ زیب ڈیزائن سے مزین کیا گیا ہے۔ معلومات اور تصورات کی پیش کش میں استعداد کے پیشِ نظر کتاب کی زبان سادہ اور آسان رکھنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ اسباق کو دل چسپ بنانے کے لیے حقیقی کردار بھی شامل کیے گئے ہیں۔ جدید طرز پر مرتب کردہ مشقوں اور سرگرمیوں کا بھی خیال رکھا گیا ہے۔ اساتذہ کرام سے گزارش ہے کہ جدید نفسیاتی اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اسباق کی تدریس دل چسپ انداز میں کریں اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

واقفیت عامہ کی تدریس میں جدید رجحانات اور حکمت عملیوں کو بھی روشناس کرانے کی کوشش کی گئی۔ مشقوں اور سرگرمیوں پر خاص طور سے توجہ دی گئی ہے۔ مصنفین نے تمام اسباق کو تدریسیاتی اصولوں پر وضع کیا ہے۔

معیار کی رفعت، تدریسیاتی حاصلات، ذہنی رسائی اور اسلوب کی پیروی ہمارا نصب العین ہے۔ اس ضمن میں مصنفین کی کاوشیں لائقِ تحسین ہیں۔ حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ کتاب غلطیوں سے پاک ہو۔ وزارتِ مذہبی امور کی جانب سے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی ذاتِ گرامی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حوالے سے جو نوٹیفکیشن جاری ہوتے رہے ہیں ان پر بھی مکمل طور پر عمل کیا گیا ہے تاہم پھر بھی آپ سے درخواست ہے کہ اگر اس کتاب میں کسی قسم کی لسانی یا علمی نوعیت کی کوئی خامی نظر آئے تو ہمیں اس سے آگاہ فرمائیں تاکہ آمدہ ایڈیشن میں ان کی درستی کی جا سکے۔ اس کے لیے ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہو گا۔ کسی غلطی کی نشان دہی یا اطلاع textbook@nbf.org.pk پر کریں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو! آمین

ڈاکٹر راجہ مظہر حمید
مینیجنگ ڈائریکٹر


National Book Foundation



# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | باب کا عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | میرا تعارف | 1 |
| 2 | میرا خاندان اور میرے دوست | 5 |
| 3 | میرا اسکول | 10 |
| 4 | اچھے اخلاق اور عادات | 13 |
| 5 | کھیل اور قوانین | 16 |
| 6 | ہمارا پیارا وطن پاکستان | 19 |
| 7 | ذرائع آمد و رفت | 23 |
| 8 | میرا جسم | 27 |
| 9 | صحت و صفائی | 31 |
| 10 | پودے اور جانور | 37 |
| 11 | حرکت | 45 |
| 12 | زمین اور آسمان | 50 |


National Book Foundation



پہلا باب:

# میر اتعارف

## حاصلاتِ تعلّم

اس بات کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنا مختصر تعارف کروا سکیں مثلاً اپنا نام، عمر، پسندیدہ کھیل اور پسندیدہ کھانے بتا سکیں اور یہ بھی کہ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں
- اپنی اور دوسروں کی اچھی خصوصیات کی نشاندہی کر سکیں (سچ بولنا، بڑوں کی عزت کرنا اور ان کا کہنا ماننا، صبح جلدی جاگنا وغیرہ)
- دوسروں کی اچھی عادات کے متعلق جان سکیں
- پسند کی بنیاد پر یہ جان سکیں کہ آپ کس طرح ایک جیسے اور کس طرح ایک دوسرے سے مختلف ہیں
- پہچان سکیں اور وضاحت کر سکیں کہ افراد کی مختلف ضروریات اور خصوصیات ہوتی ہیں، اور وہ مختلف پسند اور ناپسند رکھتے ہیں



میرا نام عبداللہ ہے۔
میں پانچ سال کا ہوں۔
میں پہلی جماعت میں پڑھتا ہوں۔



مجھے دودھ پینا پسند ہے۔
مجھے سیب اور آم بہت اچھے لگتے ہیں۔
مجھے فٹ بال کھیلنا پسند ہے۔
میں بڑا ہو کر ٹیچر بنوں گا۔

برائے اساتذہ

اساتذہ کرام بچوں کو دیے گئے جملے پڑھ کر سنائیں۔

National Book Foundation



میرا نام سیما ہے۔

میں چھے سال کی ہوں۔

میں پہلی جماعت میں پڑھتی ہوں۔

مجھے پھلوں کا رس پسند ہے۔

مجھے چاول بہت اچھے لگتے ہیں۔

مجھے بیڈ منٹن کھیلنا اچھا لگتا ہے۔

میں بڑی ہو کر پائلٹ بنوں گی۔

## اپنے بارے میں بتائیں

1۔ میرا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

2۔ میری عمر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال ہے۔

3۔ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جماعت میں ہوں۔

4۔ میرے والد کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

5۔ میری امی مجھ سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کرتی ہیں۔

6۔ میرے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بہن بھائی ہیں۔

7۔ میرا پسندیدہ کھیل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

8۔ مجھے کھانے میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پسند ہیں۔

9۔ مجھے بڑے ہو کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بننا ہے۔

برائے اساتذہ

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ایک دوسرے کو اپنا تعارف کروائیں۔

National Book Foundation

# میری اچھی عادات



صبح اور شام دانت صاف کرنا



گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹانا

# میرے دوسروں کی اچھی عادات



کچرا کوڑے دان میں ڈالنا



دوستوں کا خیال رکھنا

## سرگرمی

اپنے دوست کو اپنی اچھی عادات کے متعلق بتائیں اور اس کی اچھی عادات کے متعلق بھی جانیں۔

National Book Foundation

# آؤ مل کر سوچیں




درست انتخاب پر دائرہ لگائیں۔

- ہمیں صبح...................اٹھنا چاہیے۔    جلدی    دیر سے
- کوڑے کو..................ڈالنا چاہیے۔    سڑک پر    کوڑے دان میں
- بات کرتے وقت.........کا انتظار کرنا چاہیے۔    اجازت    باری

ایک دوسرے کی پسند کے بارے میں جانیں اور نیچے کالم میں دی گئی چیزوں کے متعلق لکھیں۔

| خصوصیات | میرا پسندیدہ | دوست کا پسندیدہ |
|---|---|---|
| رنگ | | |
| موسم | | |
| کھانا | | |
| لباس | | |
| جانور | | |
| کھیل | | |



## زبانی بتائیے

اپنے ہم جماعتوں کو بتائیں کہ آپ کس انداز میں اپنے دوست جیسے ہیں اور کس انداز میں اُن سے مختلف ہیں۔

National Book Foundation

دوسرا باب:

# میرا خاندان اور میرے دوست

## حاصلاتِ تعلّم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنے خاندان کے افراد کو پہچان سکیں (والدین، بہن، بھائی، دادا، دادی، نانا، نانی، چچا اور پھپھی، ماموں اور ممانی، کزن وغیرہ
- یہ سمجھ سکیں کہ انھیں اپنے رشتے داروں اور دوستوں کا احترام کرنا چاہیے
- اپنے چند دوستوں کی خاص عادات کی نشاندہی کر سکیں


میرا نام سیما ہے۔

یہ میرا بھائی عبداللہ ہے۔



National Book Foundation

# میرا خاندان





National Book Foundation

میں اپنے گھر والوں سے پیار کرتی ہوں۔

# ہمارا خاندان

ہمارے گھر میں ابو اور امی کے علاوہ دادا اور دادی بھی ہمارے ساتھ رہتے ہیں۔ ہم ان سب کا بہت ادب کرتے ہیں۔ ہم اکثر اپنے نانا اور نانی کے گھر بھی جاتے ہیں۔ وہاں ہماری خالہ، ماموں، ممانی اور ان کے بچے رہتے ہیں۔ ہم وہاں خوب مزے کرتے ہیں۔ میرے چچا، چچی اور ان کے بچے بھی ہمارے گھر آتے ہیں۔ ہم تمام گھر والے مل کر پکنک پر بھی جاتے ہیں۔

ہم اپنے تمام رشتہ داروں کا احترام کرتے ہیں اور ان کا کہنا مانتے ہیں۔



میرے نانا اور نانی جان

## سرگرمی

- اپنے ہم جماعتوں کو بتائیں کہ آپ کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟
- اپنے خاندان کے متعلق بتائیں

میرے دادا کا نام---------------------- میرے چچا کا نام----------------------

میرے نانا کا نام---------------------- میرے ماموں کا نام----------------------

National Book Foundation

# سرگرمی

رشتہ داروں کی پہچان کریں

| | |
|---|---|
| ابو کے ابو | نانا |
| ابو کی امی | نانی |
| ابو کی بہن | چچا |
| ابو کے بڑے بھائی | پھوپھی |
| ابو کے چھوٹے بھائی | خالہ |
| امی کی امی | ماموں |
| امی کے ابو | تایا |
| امی کی بہن | دادا |
| امی کے بھائی | دادی |

National Book Foundation

# میرے دوست



میرے محلے اور اسکول میں بہت سے دوست ہیں۔ ہم ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں اور ضرورت کے وقت ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ میرے دوست اچھی باتیں کرتے ہیں۔ وقت پر پڑھتے اور وقت پر کھیلتے ہیں۔ وہ کسی کی چیز بغیر پوچھے نہیں لیتے۔ وہ خود بھی صاف ستھرے رہتے ہیں اور اپنے ارد گرد کی چیزوں کو بھی صاف ستھرا رکھتے ہیں۔ ہم سب اپنے ملک پاکستان سے بہت پیار کرتے ہیں۔



## زبانی بتائیے

آیئے اپنے دوستوں کے متعلق بات چیت کریں۔

میرے اسکول کے دوست:..........................................................

میرے محلے کے دوست:..........................................................

میرے دوستوں کی اچھی عادات:..........................................................

برائے اساتذہ

طلبہ کو بتائیں کہ والدین، اساتذہ اور بزرگوں کا احترام بہت ضروری ہے۔ اسی طرح دوستوں اور رشتہ داروں کی عزت بھی ہم سب پر فرض ہے۔

تیسرا باب:

# میرا اسکول




## حاصلاتِ تعلّم

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنے اسکول کا نام اور پتہ بتا سکیں
- اپنے اسکول میں ملنے والے لوگوں (اساتذہ، طلبہ، پرنسپل اور دیگر عملہ) کو پہچان سکیں
- اسکول میں کی جانے والی مختلف سرگرمیوں کے متعلق بیان کر سکیں
- اسکول اور کلاس کے قوانین کے متعلق بتا سکیں اور ان پر عمل کر سکیں

میرا نام سیما ہے۔ یہ میرا اسکول ہے۔




National Book Foundation

مجھے میرا اسکول بہت پسند ہے۔ تمام اساتذہ بہت پیار سے پڑھاتے ہیں۔ میرے بہت سے دوست بھی ہیں۔ ہم مل کر پڑھتے ہیں۔ وقفے کے دوران ہم مل کر کھیلتے ہیں اور گھنٹی کی آواز سنتے ہی اپنی کلاس میں واپس چلے جاتے ہیں۔ اساتذہ کے علاوہ بھی کچھ لوگ اسکول میں کام کرتے ہیں۔ مالی پودوں کو پانی دیتے ہیں، خاکروب اسکول کی صفائی کرتے ہیں، جبکہ اسکول کے دفتر میں لوگ مختلف کام کرتے ہیں۔

## سرگرمی

1۔ میرے اسکول کا نام ............................................ ہے۔

2۔ میرا اسکول ............................................ میں ہے۔

3۔ میرے کلاس ٹیچر کا نام ............................................ ہے۔

4۔ میرے اسکول کے ہیڈ ماسٹر / کی ہیڈ مسٹریس کا نام ............................................ ہے۔

ہماری ہیڈ مسٹریس اسکول کے تمام کاموں کی نگرانی کرتی ہیں۔ وہ ہماری کلاس میں بھی آتی ہیں اور ہمیں اسکول کے قوانین کے بارے میں بتاتی ہیں۔ یہ تمام قوانین ہمارے اپنے فائدے کے لیے ہیں۔ قوانین پر عمل کرنے سے ہم بہت سی مشکلات سے بچ جاتے ہیں۔ کیا آپ اپنے اسکول کے قوانین سے آگاہ ہیں؟ میں آپ کو اپنے اسکول کے چند قوانین کے بارے میں بتاتی ہوں:

- صاف ستھرا یونیفارم پہننا
- کلاس اور اسکول کو صاف ستھرا رکھنا
- صبح وقت پر اسکول آنا
- کلاس کی اجازت لے کر بات کرنا
- اسمبلی میں قطار بنانا
- بلا اجازت کسی کی کوئی چیز نہ لینا



برائے اساتذہ

بچوں کو قوانین کے احترام کی ترغیب دیں۔


National Book Foundation

# میرے دوست



پیارے دوستو!

اسکول میں میرے بہت سے دوست ہیں جو مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ ان کا تعلق بھی پاکستان کے مختلف علاقوں سے ہے۔ ایک غیر ملکی بچہ بھی میرا دوست ہے۔ ہم سب ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں اور مدد بھی کرتے ہیں۔



## زبانی بتائیے

- آپ اور آپ کے اسکول کے دوست گھر میں کون سی زبان بولتے ہیں؟
- آپ اسکول اور کلاس کو صاف رکھنے کے لیے دوسروں کی مدد کیسے کرتے ہیں؟



## سرگرمی

اسکول کے مختلف قوانین ہوتے ہیں۔ اپنے اسکول کے چند قوانین کے بارے میں بات چیت کریں۔

National Book Foundation

چوتھا باب:

# اچھے اخلاق اور عادات

## حاصلاتِ تعلّم

اس بات کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- دوسروں کو السلام علیکم، صبح بخیر، وغیرہ کہہ کر سلام کر سکیں
- اچھے اخلاق کو سمجھ سکیں اور ان کی فہرست بنا سکیں (وقت کی پابندی، نرمی سے بات کرنا، مہربانی، ایمانداری اور سچائی)
- کھانے کے آداب کا مظاہرہ کر سکیں (کھانا ضائع نہ کرنا، صاف ہاتھوں سے کھانا، کھانے کو نیچے نہ گرانا)
- بیت الخلا استعمال کرنے کے آداب سیکھ سکیں



میرا نام عبداللہ ہے۔ میں جب کسی سے ملوں تو کہتا ہوں: السلام علیکم!
اس کا مطلب ہے کہ آپ پر سلامتی ہو۔



میرا نام انیتا ہے۔ میں جب صبح کسی سے ملوں تو کہتی ہوں: صبح بخیر!
لوگوں سے اچھے انداز سے ملنا ایک اچھی عادت ہے۔

برائے اساتذہ

بچوں کو بتائیں کہ مختلف مذاہب کے لوگ ایک دوسرے سے ملتے وقت مختلف انداز میں سلام کرتے ہیں۔

National Book Foundation

عبداللہ اور احمد دوست ہیں۔

عبداللہ کو احمد کی درج ذیل باتیں پسند ہیں۔




National Book Foundation



**زبانی بتائیے**

آپ کا پسندیدہ دوست کون ہے؟ اس میں کون سی اچھی عادات موجود ہیں؟

# کھانے کے آداب


## کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمیں کھانا کھاتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟



- کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے چاہئیں۔
- کھانے کو ضائع نہیں کرنا چاہیے اور نہ ہی نیچے گرانا چاہیے۔
- منھ بند کر کے کھانا چاہیے۔ جب منھ میں نوالہ ہو تو بات نہیں کرنی چاہیے۔
- اپنے سامنے سے کھانا لینا چاہیے اور کسی چیز کی ضرورت ہو تو مانگ لینی چاہیے۔
- پھل، سبزیاں، دالیں، انڈے اور گوشت وغیرہ صحت بخش خوراک کا حصہ ہیں۔ یہ خوراک ہمارے جسم اور دماغ کو صحت مند رکھتی ہے۔

### سرگرمی

### صحت مند پلیٹ




اساتذہ طلبہ کو مختلف قسم کے میگزین، اخبارات، یا مختلف قسم کے کھانے کی تصاویر فراہم کریں۔
طلبہ سے کہیں کہ وہ صحت مند کھانوں جیسے پھلوں، سبزیوں، اناج اور پروٹین کی تصاویر کاٹ دیں۔
اس کے بعد ان تصاویر کو ایک دائرے کی شکل میں کاغذ کی پلیٹ پر چپکا دیں جس سے "صحت مند پلیٹ" تیار ہو گی۔
طالب علموں کی پلیٹیں مکمل کرنے کے بعد، مختلف قسم کے کھانے کے بارے میں جماعت میں گفتگو کریں جو صحت مند ہو۔ طلبہ کو بتائیں کہ متوازن غذا صحت کے لیے کیوں ضروری ہے۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ اپنے پسندیدہ صحت مند کھانے میں اپنے ساتھیوں کو بھی شریک کریں۔

### زبانی بتائیے

غیر صحت مند خوراک کھانے سے کیا نقصان ہو سکتا ہے؟

برائے اساتذہ

طلبہ کو بتائیں کہ بیت الخلا استعمال کرنے سے پہلے اور بعد میں صابن سے ہاتھ دھونا ہمیں جراثیم سے محفوظ رکھتا ہے۔

National Book Foundation

پانچواں باب:

# کھیل اور قوانین

## حاصلاتِ تعلم

اس بات کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنے پسندیدہ کھیلوں کے نام بتا سکیں
- کھیلوں اور گروہی سرگرمیوں کے ذریعے مل جل کر کام کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں
- قوانین پر عمل کرنے کی اہمیت کو سمجھ سکیں
- کھیلتے وقت کھیل کے قوانین کو جان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں
- لڑکیوں، لڑکوں اور جسمانی طور پر مختلف افراد کی بہتر صحت کے لیے مختلف کھیلوں اور ورزش کی اہمیت بیان کر سکیں

ہم ہر روز شام کو کھیل کے مقدان میں جاتے ہیں۔ وہاں بچے بہت سے کھیل کھیلتے ہیں۔ کوئی کرکٹ کھیلتا ہے تو کوئی والی بال، کسی کو ہاکی پسند ہے تو کوئی بیڈ منٹن کھیلتا ہے۔ مجھے فٹ بال بہت پسند ہے۔



National Book Foundation

# آپ کا پسندیدہ کھیل کون سا ہے؟



ہاکی



کرکٹ



فٹ بال



بیڈمنٹن

National Book Foundation

## پیارے بچو!

جسمانی ورزش اور کھیل لڑکوں، لڑکیوں اور جسمانی طور پر مختلف تمام افراد کی صحت کے لیے بہت ضروری ہیں۔ صحت مند جسم صحت مند دماغ کے لیے بہت اہم ہوتا ہے۔ کھیل ہمیں مل جل کر کام کرنے کا سبق بھی دیتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ کھیل کے قوانین پر عمل کرنا ضروری ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ کھیل کے قوانین کیا ہوتے ہیں؟

# کھیل کے قوانین

ہر کھیل کے کچھ قوانین ہوتے ہیں جن پر عمل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ کسی بھی کھیل کے دوران ایمان داری سب سے اہم ہوتی ہے۔ قوانین پر عمل کرتے ہوئے جیتنے سے خوشی ملتی ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ کامیابی محنت ہی سے حاصل ہوتی ہے۔

National Book Foundation

### آپ کھیل کے دوران ان میں سے کن باتوں کا خیال رکھتے ہیں؟

| | |
|---|---|
| اپنی باری کا انتظار کرنا | کھیل کے دوران ایک دوسرے کی مدد کرنا |
| ریفری کی بات ماننا | ہار کو کھلے دل سے تسلیم کرنا |



### سرگرمی

طلبہ کو ایک سفید کاغذ فراہم کریں اور ان سے اس کھیل کی تصویر بنانے کے لیے کہیں جو وہ کھیلنا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد کھیل کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں گفتگو کریں جیسے کھیل کے اجزا، قوانین اور مقاصد۔ کھیلوں میں قوانین کی اہمیت پر تبادلہ خیال کریں کہ وہ کھیل کو ہر ایک کے لیے منصفانہ اور تفریحی بنانے میں کس طرح مدد کرتے ہیں۔

پھر، طلبہ کو جوڑوں یا چھوٹے گروپوں میں کام کرنے کے لیے کہیں تاکہ ان کے کھیل کے لیے قوانین تیار کیے جا سکیں۔

طلبہ کے اپنے کھیل کے قوانین بنانے کے بعد انھیں کلاس کے دیگر طلبہ کے ساتھ اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیں۔

### زبانی بتائیے

آپ کا پسندیدہ کھیل کون سا ہے؟

اس کھیل کے کوئی سے تین قوانین بتائیں۔

**برائے اساتذہ**

اساتذہ اپنی نگرانی میں بچوں کو مختلف کھیلوں میں شامل کریں۔

National Book Foundation

Approved by Government of Pakistan
Ministry of Federal Education & Professional Training
National Curriculum Council Secretariat
vide letter No. F.No. 1-6(2023) NCC/Dir/GK-NBF Dated: August 9, 2023

# قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد! کشورِ حسین شاد باد!
تو نشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد!

پاک سر زمین کا نظام قُوتِ اخُوتِ عوام
قوم ، مُلک ، سلطنت پائندہ تابندہ باد!
شاد باد منزلِ مُراد!

پرچمِ ستارہ و ہلال رہبرِ ترقی و کمال
ترجُمانِ ماضی، شانِ حال جانِ استقبال
سایۂ خُدائے ذُوالجلال!

National Book Foundation

نیشنل بُک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بُک بورڈ، اسلام آباد